کراچی پریس کلب کے قریب صحافیوں پر پولیس کے تشدداورصحافیوں کی گرفتاری کاواقعہ نہایت افسوسناک ہے۔الطاف حسین

صحافیوں کوفوری طورپر رہا کیا جائے اوراس افسوسناک واقعہ کی تحقیقات کروائی جائے

لندن۔۔۔20،نومبر2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی پریس کلب کے قریب صحافیوں پر پولیس کے تشدداورصحافیوں کی گرفتاری کے واقعہ کونہایت افسوسناک قراردیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ صحافیوں کوفوری طورپر رہا کیا جائے اوراس افسوسناک واقعہ کی تحقیقات کروائی جائے۔

ایم کیوایم شعبہ خواتین پنجاب کی موجودہ کمیٹی کوتحلیل کردیا گیا،3رکنی ایڈھاک آرگنائزنگ کمیٹی کااعلان

لاہور۔۔۔20،نومبر2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیم نو کے سلسلے میں ایم کیوایم شعبہ خواتین پنجاب کی موجودہ کمیٹی کوتحلیل کردیااورفوری طورپرایک 3رکنی ایڈہاک آرگنائزنگ کمیٹی کااعلان کیا ہے۔یہ اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹرفاروق ستارنے پنجاب ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں کیا۔ایم کیوایم شعبہ خواتین کی 3رکنی ایڈہاک آرگنائزنگ کمیٹی میں محترمہ فرخندہ،محترمہ اختراورمحترمہ ذکیہ سیدشامل ہیں۔دریں اثناءاجلاس میں ایم کیوایم پنجاب کی تنظیم سازی کے عمل کو تیزی سے پنجاب کے گلی کوچوں میں پھیلانے اورآئندہ انتخابات میں بھرپورحصہ لینے کیلئے خصوصی لائحہ عمل بھی طے کیا گیا۔

☆☆☆☆☆